**اس ترجمہ شدہ PDS کی بنیاد انگریزی متن مورخہ 7 اپریل 2014 پر رکھی گئی ہے۔**

ADB

# پراجیکٹ ڈیٹا شیٹ

پراجیکٹ ڈیٹا شیٹس(Project Data Sheet - PDS)میں پراجیکٹ یا پروگرام سے متعلق معلومات کا خلاصہ بیان کیا گیاہے: چونکہ PDS جاری پراجیکٹس کے بارے میں ہوتی ہے، اس لیے اس کے ابتدائی مرحلے میں بعض معلومات شامل نہیں کی جاسکتی لیکن جب یہ معلومات دستیاب ہوتی ہیں تو انہیں شامل کرلیاجاتاہے۔ مجوزہ پراجیکٹس کے بارے میں مذکورہ معلومات عارضی اور اشاراتی نوعیت کی ہوتی ہیں۔

| | |
|---|---|
| **PDS تیار کرنے کی تاریخ** | – |
| **PDS اپ ڈیٹ کرنے کی تاریخ** | **25 مارچ 2014** |

| | |
|---|---|
| **پراجیکٹ کا نام** | ترموں اور پنج ند بیراجزکا منصوبہ |
| **ملک** | پاکستان |
| **پراجیکٹ/پروگرام نمبر** | 001-47235 |
| **کیفیت/ صورت حال** | مجوزہ |
| **جغرافیائی محل و وقوع/جگہ** | پنجاب |

کسی بھی ملکی پروگرام یا حکمت عملی تشکیل دینے۔ کسی پراجیکٹ کی مالی معاونت کرنے یا کسی عہدے یا حوالہ دینے سے ایشیائی ترقیاتی بینک کا کسی علاقے یا جغرافیائی حدود کی قانونی یا دیگر حیثیت کے بارے میں رائے قائم کرنامراد نہیں ہے۔

| | |
|---|---|
| **شعبے یا ذیلی شعبے کی درجہ بندی** | زرعی اور قدرتی وسائل،<br>آبپاشی، نکاسی، اور سیلاب سے تحفظ |
| **بنیادی درجہ بندی** | معاشی ترقی |
| **صنف کومرکزی دھارے میں لانے کی کیٹیگریاں** | – |

## ■ مالیت کاری

| منظورشدہ رقم [ہزار] | فنڈنگ کا ذریعہ | منظورشدہ نمبر | مالی معاونت کی قسم /طریقہ |
|---|---|---|---|
| 50,000 | سرمایہ کے عام وسائل | – | قرضہ |
| 100,000 | ایشیائی ترقیاتی فنڈ | – | قرضہ |
| 50,000 | ہم منصب | – | – |
| **US$ 200,000** | **میزان** | | |

## تحفظ کی کیٹیگریاں

تحفظ کی کیٹیگریوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے مہربانی فرماکر یہ ویب سائٹ دیکھیں:
http://www.adb.org/site/safeguards/safeguard-categories

| | |
|---|---|
| **ماحول** | بی |
| **غیر رضاکارانہ نوآباد کاری** | بی |
| **مقامی لوگ** | سی |

## ماحولیاتی اور سماجی مسائل کا خلاصہ

**ماحولیاتی پہلو**

**ماحولیاتی اثرات منصوبے کی جگہ کے حوالے سے موجود ہیں، زیادہ تر کو واپس اصل حالت میں بحال کیا جاسکتا ہے۔ کمی کے اقدامات کو فورا ڈیزائن کیا جاسکتا ہے۔ تاہم حقائق کو جاننے کے مشن میں مناسب غور و حوض کے بعد ہی اس کی مزید کیٹیگری کی تصدیق کی جاسکتی ہے۔**

**غیر رضاکارانہ آباد کاری**

**75 کے قریب گھرانے بشمول 28 چھوٹے خیمہ گھر/کھوکھے متاثر ہوں گے اور 250 میٹر لمبی دیہی سڑک کا متبادل راستہ بنانا ہوگا۔ تاہم حقائق کو جاننے کے مشن میں مناسب غور و حوض کے بعد ہی اس کی مزید کیٹیگری کی تصدیق کی جاسکتی ہے۔**

**مقامی لوگ**

منصوبے کے علاقے میں مقامی لوگ نہیں لہذا اس ضمن میں کسی قسم کے اثرات کی توقع موجود نہیں ہے۔

## اسٹیک ہولڈرز(متعلقہ افراد اور اداروں) سے ابلاغ، ان کی شرکت اور مشاورت

**پراجیکٹ کے ڈیزائن کے دوران**

اس منصوبے کے نمایاں اسٹیک ہولڈرز میں بے گھر ہونے والے افراد، مقامی کمیونٹی، محکمہ آبپاشی پنجاب اور دیگر متعلقہ محکمہ جات کے علاوہ مقامی این جی اوز شامل ہیں۔ منصوبے کی فزیبلٹی اسٹڈی کی تیاری کے دوران ڈیزائن کے مرحلے پر تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی گئی۔

**پراجیکٹ کے عملدرآمد کے دوران**

اسٹیک ہولڈرز جن ذرائع سے شرکت کریں گے ان میں: i) کمیونٹی مشاورتیں؛ ii) منصوبے سے متعلق آگاہی کی مہم؛ iii) شکایات کے ازالے کی کمیٹی؛ iv) بے گھر ہونے والے افراد کی کمیٹی، اور v) مقامی افراد کو منصوبے میں ملازمتیں فراہم کرناشامل ہے۔ اس سلسلے میں بے گھر ہونے والے افراد خاص طور پر متاثرہ لوگوں کو ترجیح دی جائے گی۔

## تفصیل

i) ٹرموں اور پنج ند منصوبہ دریائے چناب پر ٹرموں اور پنج ند بیراجوں کی بحال اور اپ گریڈیشن کرے گا۔ یہ دریا چھ مرکزی نہروں کے ذریعے 1.74 ملین ہیکٹر اراضی کو سیراب کرتا ہے۔ یہ منصوبہ i) دونوں بیراجوں کو بحال اور اپ گریڈ کرے گا اور، ii) سیلاب کے خطرات سے نمٹنے کے انتظام میں ادارہ جاتی صلاحیت بنائے گا۔ ٹرموں بیراج اس مقام پر واقع ہے جہاں بہاو کے رخ دریائے جہلم اور چناب

ملتے ہیں۔ اس کی سیلابی پانی گزرنے کی صلاحیت (FPC) جو اصل میں 18,265 کیوبک میٹر فی سیکنڈ m3s-1 تھی کم ہو کر 12, 743 کیوبک میٹر فی سیکنڈ m3s-1 ہوگئی۔ یہ منصوبہ FPC کی صلاحیت 23,220 m3s-1 تک بڑھا دے گا۔ پنج ند بیراج دریائے ستلج اور دریائے چناب کے سنگم پر واقع ہے۔ اس منصوبے کے ذریعے اس بیراج کی FPC صلاحیت جو اصل میں 19,822 m3s-1 تھی، بڑھ کر 24,495 m3s-1 ہو جائے گی۔

## ■ پراجیکٹ کی خصوصیات اور اس کا ملکی/علاقائی حکمت عملی سے تعلق

پنجاب میں آبپاشی کی زراعت (i) پنجاب کی مجموعی داخلی پیداوار (GDP) میں اس کا حصہ 28 فی صد ہے؛ (ii) 54 فی صد لیبر فورس اس سے وابستہ ہے؛ (iii) پنجاب کی 90 فی صد زرعی پیداوار اس سے حاصل ہوتی ہے؛ اور (iv) اس میں 90 فی صد سے زائد آبی وسائل استعمال ہوتے ہیں۔ مجموعی قومی زرعی پیداوار(GDP) میں پنجاب کی مجموعی زرعی پیداوار(GDP) کا حصہ 66 فی صد ہے۔ زیادہ آمدن اور پنجاب کے ہدف شدہ 6 فیصد 7 فیصد شرح نمو ( 2011 -2012 میں 3 فی صد) کے حصول میں آبپاشی پر مبنی زراعت انتہائی اہم ہے۔ پنجاب محکمہ آبپاشی (PID) 8.4 ملین ہیکٹرز کو سیراب کرنے کے لیے آبپاشی کے نظام کے آپریشن اور دیکھ بھال (O&M)، اوراس کے منیجمنٹ کا ذمہ دار ہے۔ PID کے بالائی ڈھانچے (انفراسٹرکچر) کی تبدیلی کی قیمت کا تخمینہ 20 بلین ڈالر ہے۔ پنجاب کا آبپاشی ڈھانچہ فرسودہ اور پرانا (100 سال پرانا) اور کافی عرصہ سے دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث بہت بری حالت میں ہے۔ اس آبپاشی نظآم کی دیکھ بھال کے لیے 2 بلین ڈالر اخراجات کا تخمینہ لگایا گیا ہے جبکہ نظام کو جدید معیارات کے مطابق اپ گریڈ کرنے کے لیے 3,5 بلین ڈالر کا تخمینہ ہے۔ بیراجوں کے ڈھانچے کی حالت بھی ناگفتہ بہ ہے اور ان کے گیٹوں سے رسنے والے پانی نے سنگین خطرات لاحق کردیئے ہیں۔ اس سے نہروں کے آخری سروں کو فراہمی آب بھی غیر یقینی ہوگئی ہے۔ کسان ناقابل اعتبار اور غیرمناسب نہری پانی کو نجی ٹیوویلوں کے ذریعے کھینچ رہے ہیں۔ بڑھتی ہوئی پمپنگ، زیر زمین سطح آب میں کمی اور نہری علاقوں میں نمکین پانی آنے سے زمین کی زرخیزی میں کمی، کم پیداوار اور زیادہ پیداواری لاگت کے مسائل پیدا ہوئے ہیں۔ کنٹری پارٹنر شپ اسٹریٹجی (2009-2013) میں آبپاشی کے انفراسٹرکچر میں بہتری کو ترجیح دی گئی ہے۔ ADBزرعی شعبے کی جائزے (2006) برائے پاکستان میں پانی کے وسائل اور آبپاشی میں بہتری پر زوردیا گیا ہے۔ پانی کے حوالے سے روڈ میپ میں پائیدار زرعی پیداوار کے لیے انفراسٹکچر، اداروں اور زرعی پیداوار میں بہتری کے اقدامات کو شناخت کیا گیا ہے۔ وسط مدتی ترقیاتی فریم ورک (2007-2012 ، جو 2015 تک توسیع شدہ ہے) میں آبپاشی کے شعبے کے لیے 100 ملین ڈالر سالانہ سرمایہ کاری کا تخمینہ لگایا گیا ہے علاوہ ازیں اس میں آبپاشی کے نئے منصوبوں کے لیے 9.0 بلین پاکستانی روپے ( مساوی 95 ملین امریکی ڈالر) مختص کیے گئے ہیں۔ PID زرعی آبپاشی میں بہتری کے لیے ADB، ورلڈ بنک اور جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (JICA) کے ساتھ مل کر کام کررہا ہے۔

## ■ ترقیاتی اثرات

7 اضلاع (جھنگ، ملتان، وہاڑی، مظفر گڑھ، لودھراں، بہاولپور اور رحیم یار خان ) میں پائیدار زرعی پیداوار اور فارم آمدن

## ■ پراجیکٹ کے نتائج

| نتائج کی تفصیل | نتائج کے حصول کےلیے پیش رفت |
|---|---|
| حویلی مرکزی لائن، ٹی ایس لنک اور رنگ پور نہروں (ترموں بیراج) اور پنج ند، عباسیہ اور عباسیہ لنک نہروں (پنج ند بیراج) کے علاقوں کو زرعی آبپاشی کے لیے پائیدار اور قابل اعتبار پانی کی فراہمی | – |

## ■ کوششوں اور عملدرآمد کی پیش رفت

| پراجیکٹ کی کوششوں کی تفصیل | عملدرآمد کی پیش رفت کی صورت حال (کوششیں، سرگرمیاں اور مسائل) |
| --- | --- |
| 1- ترموں بیراج کی بحالی اور اپ گریڈیشن، 2- پنج ند بیراج کی بحالی اور اپ گریڈیشن، 3- PID سٹاف کی صلاحیت میں بہتری | – |
| **ترقیاتی مقاصد کی صورت حال** | **مادی تبدیلیاں** |
| – | – |

## ■ کاروباری مواقع

| | |
| --- | --- |
| **پہلی فہرست کی تاریخ** | 6 دسمبر 13 |
| **مشاورتی خدمات** | |
| پیشگی معاہدے/ٹھیکے کی استدعا کی جاتی ہے تاہم موثر بہ ماضی مالیت کاری زیر غور نہیں | |
| **پروکیورمنٹ** | |
| پیشگی معاہدے/ٹھیکے کی استدعا کی جاتی ہے تاہم موثر بہ ماضی مالیت کاری زیر غور نہیں | |
| **پروکیورمنٹ اور کنسلٹنسی کے مواقع کے لیے دیکھیں:** | |
| http://www.adb.org/projects/47235-001/business-opportunities | |

## ■ نظام الاوقات

| | |
| --- | --- |
| **تصوراتی خاکہ کی وضاحت** | 25نومبر 13 |
| **حقائق کی جانچ پڑتال** | 02 دسمبر 2013 سے 02 دسمبر 2013 |
| **انتظامیہ کی جائزہ کمیٹی** | 16جون 14 |
| **منظوری** | – |
| **آخری جائزہ مشن** | – |

## ■ سنگ میل

| منظوری نمبر | منظوری | دستخط | موثریت | اختتام | | |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | | | | اصل | نظرثانی شدہ | حقیقتی |
| – | – | – | – | – | – | – |

## استعمال

| تاریخ | منظوری نمبر | ADB<br>[ہزار ڈالر] | دیگر<br>[ہزار ڈالر] | فیصد |
|---|---|---|---|---|
| معاہدہ کامجموعی ایوارڈ | | | | |
| – | – | – | – | – |
| رقم کی مجموعی ادائیگی | | | | |
| – | – | – | – | – |

## معاہدہ جات کی صورت حال

معاہدہ جات کی اقسام کی مندرجہ ذیل درجہ بندی کی جاتی ہے ----- آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، تحفظ کے اُمور، سماجی شعبہ ، مالیاتی ، معاشی اور دیگر۔ مندرجہ ذیل معیار کے مطابق معاہدہ جات کی ہر ایک قسم کی درجہ بندی کی جاتی ہے: (i) تسلی بخش ---- اس درجہ بندی میں تمام معاہدہ جات کی شرائط کی تعمیل کی جاتی ہے اور زیادہ سے زیادہ ایک استثناء دینے کی اجازت ہوتی ہے، (ii) جزوی تسلی بخش ------ اس درجہ بندی میں زیادہ سے زیادہ دومعاہدوں کی شرائط کی تعمیل نہیں کی جاتی ہے،(iii) غیر تسلی بخش ---- اس درجہ بندی میں تین یا اس سے زائد معاہدوں کی شرائط کی تعمیل نہیں کی جاتی ہے۔ ابلاغ عامہ پالیسی2011 کے مطابق پراجیکٹ کے مالیاتی گوشواروں کے لیے معاہدہ کی درجہ بندی کا اطلاق صرف ان پراجیکٹس پر ہوتا ہے جن کی بات چیت کی دعوت 2 اپریل 2012 کے بعد دی گئی ہو۔

| منظوری نمبر | کیٹیگری | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | شعبہ جاتی | سماجی | مالی | معاشی | دیگر | تحفظ کے امور | پراجیکٹ کے مالیاتی گوشوارے |
| قرضہ - | – | – | – | – | – | – | – |

## رابطے اور تازہ ترین تفصیلات

| | |
|---|---|
| ADB کا ذمہ دار افسر | اختر علی (aali@adb.org |
| ADB کا ذمہ دار محکمہ | سنٹرل اینڈ ایشیاء ڈیپارٹمنٹ |
| ADB کے ذمہ دار ڈویژن | ماحولیات، قدرتی وسائل و زرعی ڈویژن، CWRD |
| عملدرآمد کرنے والی ایجنسی | – |

## رابطے

| | |
|---|---|
| پراجیکٹ کی ویب سائٹ | http://www.adb.org/projects/47235-001/main |
| پراجیکٹ کی دستاویزات کی فہرست | http://www.adb.org/projects/47235-001/documents |